حفظ و ناظرہ اور سکولوں کے بچوں کو حضرات صحابہ کرامؓ و اہلبیتؓ عظام سے
متعارف کرانے کے لیے بزم اطفال مسلم پاکستان کی طرف سے تیارہ کردہ

امیرالمومنین | کاتب وحی | خال المسلمین | فاتح عرب و عجم | صحابی رسول

حضرت

# سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

# کوئز

## بزم اطفال مسلم پاکستان

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کون تھے؟

جواب: حضرت معاویہ ہمارے نبی کے صحابی، کاتب وحی اور مسلمانوں کے چھٹے خلیفہ تھے۔

سوال: حضرت امیر معاویہؓ کب پیدا ہوئے؟

جواب: بعثت نبوی سے پانچ سال قبل 608 عیسوی میں پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت معاویہ کی کنیت کیا تھی؟

جواب: آپ کی کنیت ابو عبدالرحمٰن تھی۔

سوال: حضرت امیر معاویہؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت امیر معاویہؓ کے والد کا نام ابوسفیانؓ تھا۔

سوال: حضرت امیر معاویہؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت امیر معاویہؓ کی والدہ کا نام حضرت ہندؓ تھا۔

سوال: حضرت معاویہ کے والد اور والدہ کب مسلمان ہوئے؟

جواب: آپ کے والدین فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے۔

سوال: فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ نے حضرت ابوسفیان کے بارے کیا فرمایا تھا؟

جواب: آپ نے فرمایا جو شخص ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے گا اسے امن دیا جائے گا۔

سوال: حضور ﷺ سے اہلیانِ مکہ کے لیے امن کس نے لیا تھا؟

جواب: حضرت معاویہ کے والد حضرت ابوسفیان نے۔

سوال: حضرت امیر معاویہؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

جواب: حضرت امیر معاویہؓ کا تعلق قریش کی شاخ بنو امیہ سے تھا۔

سوال: حضرت امیر معاویہ کا سلسلہ نسب کس پر جا کر آپ ﷺ سے ملتا ہے؟

جواب: عبد مناف پر جا کر آپ ﷺ سے ملتا ہے۔

سوال: حضرت امیر معاویہ کا سلسلہ نسب کونسی پشت پر جا کر آپ ﷺ سے ملتا ہے؟

جواب: پانچویں پشت پر۔

سوال: حضرت معاویہ نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب۔ 7 ھجری میں عمرۃ القضا سے پہلے۔

سوال: قبول اسلام سے پہلے حضرت معاویہ کا شمار کن لوگوں میں ہوتا تھا؟

جواب: آپ کا شمار ان چند گنے چنے افراد میں ہوتا تھا جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔

سوال: حضرت معاویہ کے بارے میں علامہ ابن کثیر نے کیا لکھا ہے؟

جواب: آپ اپنی قوم کے سردار تھے، آپ کے حکم کی اطاعت کی جاتی تھی اور آپ کا شمار مالدار لوگوں میں ہوتا تھا۔

سوال: حضرت معاویہ نے اپنے اسلام کا اظہار کب کیا؟

جواب: آپ نے اپنے اسلام کا اظہار فتح مکہ کے موقع پر کیا۔

سوال: آپ ﷺ اور حضرت معاویہ کا سب سے قریبی رشتہ کون سا تھا؟

جواب: حضرت معاویہ آپ ﷺ کے سالے تھے۔

سوال: حضرت معاویہ کی بہن کا کیا نام ہے جو آپ ﷺ کی بیوی تھیں؟

جواب: حضرت رملہ رضی اللہ عنہا جو حضرت ام حبیبہ کے نام سے مشہور ہیں۔

سوال: حضرت معاویہ کا کاتبین وحی میں کونسا نمبر ہے؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا کاتبین وحی میں چھٹا نمبر ہے۔

سوال: سب سے زیادہ کتابت وحی کا کام کون کون سے صحابی سرانجام دیتے تھے؟

جواب: پہلے نمبر پر حضرت زید بن ثابت اور دوسرے حضرت معاویہ۔

سوال: کاتبین وحی کس کو کہتے ہیں؟

جواب: کاتبین وحی، کاتب وحی کی جمع ہے، یہ ان صحابہ کو کہا جاتا ہے جو قرآن کریم لکھتے تھے۔

سوال: کاتب وحی ہونے کی وجہ سے حضرت معاویہ کی شان قرآن پاک کی کس سورت میں بیان ہوئی؟

جواب: پارہ نمبر 30 سورت عبس میں بیان ہوئی۔

سوال: آپ ﷺ کے سیکرٹری ہونے کا شرف کس صحابی کو حاصل ہے؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: حضرت معاویہ نے کتنے سال خلافت کی؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے 19 سال آٹھ ماہ خلافت کی۔

سوال: پشاور کس کے دور میں فتح ہوا اور کونسی ہجری میں فتح ہوا؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں 45 ہجری میں فتح ہوا۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے مال کے بارے میں کیا وصیت فرمائی؟

جواب: آپ نے آدھا مال بیت المال میں جمع کرانے کی وصیت فرمائی۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اسلام سے قبل اسلام کے خلاف کتنی جنگوں میں حصہ لیا؟

جواب: آپ نے اسلام کے خلاف کسی بھی جنگ میں حصہ نہیں لیا۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب شام پر لشکر کشی کی گئی تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کس حیثیت سے شامل ہوئے؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ لشکر کے امیر تھے۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں کس علاقہ کے گورنر رہے؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اردن اور شام کے گورنر رہے۔

سوال: اس صحابی رضی اللہ عنہ کا نام بتائیں جس نے سب سے پہلے بحری بیڑہ تیار کیا؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے تیار کیا۔

سوال: پہلا اسلامی بحری بیڑہ کس سن ہجری میں تیار کیا گیا؟

جواب: 28 ہجری میں تیار کیا گیا۔

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی بحری جنگ لڑنے والے لشکر کے لئے کیا خوشخبری سنائی؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا میری امت کا پہلا لشکر جو بحری جنگ لڑے گا اس پر جنت واجب ہے۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بحری بیڑے میں کتنے جہاز تھے؟

جواب: سترہ سو۔

سوال: یہ بحری بیڑا شمالی افریقہ کے جنگلات کاٹ کر کتنے ماہرین فوجیوں نے تیار کیا؟

جواب: چالیس ہزار فوجیوں نے۔

سوال: قسطنطنیہ کس ہجری میں فتح ہوا؟

.جواب: 59 ہجری میں

سوال: قسطنطنیہ پر حملہ کرنے کے لئے حضرت معاویہ نے کتنے لشکر ترتیب دیے؟

جواب: دو لشکر ترتیب دیے۔

سوال: قسطنطنیہ میں جہاد کرنے والوں کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا بشارت فرمائی؟

جواب: میری امت کا پہلا لشکر جو قیصر کے شہر قسطنطنیہ میں جہاد کرے گا اسکی مغفرت ہے۔

سوال: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بیت اللہ میں کیا تبدیلی فرمائی؟

جواب: خانہ کعبہ کی خدمت کے لئے غلام مقرر فرمائے اور دیباج و حریر کا غلاف چڑھایا

سوال: حضرت حسنؓ نے حضرت معاویہ کے حق میں دستبرداری کا اعلان کس ہجری میں فرمایا؟

جواب: ربیع الاول سن 41 ہجری میں۔

سوال: حضرت حسنؓ نے کس جگہ حضرت معاویہ کے حق میں خلافت سے دستبرداری کا اعلان کیا؟

جواب: نہر و جیل کے کنارے موضع مسکن میں اعلان کیا۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے جنگوں کے بارے میں حضرت ابوحنیفہ کا کیا فیصلہ ہے؟

جواب: وہ باغی نہیں تھے بلکہ انکی لڑائی دفاعی تھی۔

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لئے کیا دعا فرمائی؟

جواب: اے اللہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والا بنا۔

سوال: حضرت معاویہ کے اس پوتے کا نام بتائیں جس نے سائنس کے قاعدے تجویز کیے؟

جواب: خالد

سوال: عمرۃ القضاء کے موقع پر آپ ﷺ کے بال مبارک کس صحابی رضی اللہ عنہ نے کاٹے؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بال اور ناخن کس صحابی کو دیے؟

جواب: حضرت معاویہ کو دیے۔

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اور کون سی چیز حضرت معاویہ کو دی؟

جواب: حضور ﷺ نے اپنی قمیض مبارک عطا فرمائی۔

سوال: حضرت معاویہ نے حضور ﷺ کے بال مبارک، ناخن اور قمیض کا کیا کیا؟

جواب: حضرت معاویہ نے تینوں چیزیں سنبھال کر رکھ لیں۔

سوال: بچپن میں قیافہ شناس نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر کیا کہا؟

جواب: میرا خیال ہے یہ اپنی قوم کا سردار بنے گا۔

سوال: جھوٹے نبی مسلیمہ کذاب کو حضرت وحشی نے قتل کیا تھا ان کے ساتھ اسکو مارنے میں کس نے مدد کی تھی؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

جواب: ایک سو تریسٹھ (163)

سوال: حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا کیا رشتہ ہے؟

جواب: حضرت معاویہ حضرت حسین کے بیٹے علی اکبر شہیدِ کربلا کی والدہ لیلیٰ بنت ابی مرہ کے ماموں تھے

سوال: جنگ صفین کے دوران امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت علیؓ کو صلح کے لئے کیا لکھا؟

جواب: اے ابن عم اس خون ریزی کا مؤاخذہ میرے اور آپ کے سر ہے اب میں آپ کو اس کے بند کرنے اور الفت محبت قائم کرنے اور اختلاف کو بھلا دینے کی دعوت دیتا ہوں۔

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر سن کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کیا کیا؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر ملی تو زار و قطار رونے لگے۔

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر ملی تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضرت معاویہ نے فرمایا آج لوگوں نے علم و فقیہ کھو دیا۔

سوال: حضرت معاویہ نے حضرت علیؓ کی شان میں گستاخی کرنے والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے انکو دربار سے نکال دیا اور انکا وظیفہ بند کر دیا۔

سوال: حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ سے صلح کے لئے کن حضرات سے مشورہ فرمایا؟

جواب: حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور اپنے بہنوئی عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے۔

سوال: حضرت معاویہؓ نے صلح کے لئے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کیا طریقہ اختیار فرمایا؟

جواب۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے سادہ کاغذ پر اپنی مہر ثبت کر کے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف بھیج دیا اور فرمایا آپ اس پر جو شرائط بھی تحریر فرما دیں مجھے منظور ہے۔

سوال: حضرت حسن نے حضرت امیر معاویہ سے صلح کے بعد کیا خطبہ ارشاد فرمایا؟

جواب: مسلمانو میں نے حضرت امیر معاویہؓ سے صلح کر لی اور انکو اپنا امیر اور خلیفہ تسلیم کر لیا ہے۔

سوال: حضرت حسن کے متعلق حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: آپ نے فرمایا میرا یہ بیٹا سردار ہے جو مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کرائے گا

سوال: حضرت عبداللہ بن عمر نے حضرت معاویہ کے نظام سلطنت کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: میں نے آپ ﷺ کے بعد حضرت معاویہؓ سے زیادہ امور مملکت میں ماہر کسی کو نہیں دیکھا۔

سوال: جنگ صفین کے موقع کو غنیمت سمجھتے ہوئے قیصر روم نے جب مسلمانوں پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے قیصر روم کو کیا لکھا؟

جواب: او رومی کتے خبردار اگر تیرا ہاتھ بھی علی رضی اللہ عنہ کی طرف اُٹھا تو علی رضی اللہ عنہ کی حمایت میں سب سے پہلے آنے والا سپاہی معاویہ ہوگا۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کب ہوئی؟

جواب: 22 رجب المرجب 60 ہجری میں۔

سوال: 22 رجب المرجب میں عوام کونسی رسم کرتے ہیں؟

جواب: کونڈوں کی رسم۔

سوال: کونڈے کونسی زبان کا لفظ ہے؟

جواب: ہندی زبان کا۔

سوال: کونڈے کے لفظی معنی کیا ہے؟

جواب: مٹی کا تسلہ، آٹا گوندھنے کا برتن، نذر و نیاز اور دو تین آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ برا کام کرنا۔

سوال: یہ رسم کہاں سے شروع ہوئی؟

جواب: رام پور یوپی بھارت سے۔

سوال: اس رسم کا شروع کرنے والا کون ہے؟

جواب: مشہور رافضی امیر مینائی۔

سوال: یہ رسم کیوں کی جاتی ہے؟

جواب: کیوں کہ 22 رجب المرجب کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات ہے اور دشمن ان کی وفات پر خوشی کرتے ہیں کیوں کہ انکے دلوں میں صحابہؓ کا بغض ہے۔

۔سوال: اس رسم کو کس طرف منسوب کیا جاتا ہے؟

جواب: اسکو حضرت جعفر صادق کی ولادت کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

سوال: حضرت جعفر صادق کی ولادت کب ہوئی؟

جواب: 8 رمضان 80 ہجری یا 83 ہجری۔

سوال: مسلمان اس رسم کو کیوں کرتے ہیں؟

جواب: لاعلمی اور جہالت کی بناء پر

سوال: کیا اس رسم کا کرنا اور اس میں شریک ہونا جائز ہے؟

جواب: اس رسم کو کرنا اور اس میں شریک ہونا ناجائز اور حرام ہے۔

سوال: اس رسم کے حوالے سے مسلمانوں پر کیا ذمہ داری بنتی ہے؟

جواب: مسلمانوں کی ذمہ داری ہے اس لعنت سے خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچائیں۔

سوال: اس رسم کے حوالے سے جو قصے کہانیاں لوگوں نے گھڑ رکھی ہیں اُنکی کیا حقیقت ہے؟

جواب: سراسر جھوٹ ہے اور اُسکی کوئی حقیقت نہیں۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے کفن کے ساتھ کونسا کپڑا رکھا گیا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیض مبارک جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عنایت فرمائی تھی۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے تجہیز و تکفین کے متعلق کیا وصیت فرمائی تھی؟

جواب: آپ ﷺ کے ناخن اور بال میری آنکھوں منہ اور سجدے کی جگہ رکھ دینا اور ارحم الراحمین کے سپرد کر دینا۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی تدفین کہاں ہوئی؟

جواب: دمشق میں باب الصغیر کے قریب۔

سوال: قیامت کے روز حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کس حالت میں اُٹھیں گے؟

جواب: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ قیامت کے دن اس حالت میں اُٹھیں گے کہ ان پر نور اور ایمان کی چادر ہوگی

سوال۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں مسلمانوں کی فوج کتنی تھی؟

جواب: دو لاکھ بیس ہزار

سوال: حضرت معاویہ کو برا بھلا کہنا ایسا ہی ہے جیسے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر کو یہ جملہ کس شخصیت کا ہے؟

جواب: امام مالک رحمہ اللہ کا۔

سوال: بریلوی عالم مولانا احمد رضا خان حضرت معاویہ کے گستاخ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

جواب: جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پر بھونکے وہ جہنمی کتوں میں سے ایک کتا ہے۔

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب: امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میرا بھائی ہیں۔

سوال: حضرت معاویہ کے بارے حضور صلی اللہ نے کیا فرمایا؟

جواب: اے اللہ معاویہ کو کتاب اور حساب کا علم سکھا دے اور اسے عذاب سے بچا دے